نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی ضلع منڈی بہاؤالدین میں کسان کارڈ کی فراہمی کیلئے منعقدہ تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو تمام سبسڈیز شفاف طور پر فراہم کی جارہی ہے جس سے زرعی پیداوار میں اضافہ کے ساتھ کاشتکاروں کا معیار زندگی بہتر ہوگا:صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور 31 جولائی 2021: وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے ضلع منڈی بہاؤالدین میں کاشتکاروں کو کسان کارڈ کی فراہمی کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماضی کی حکومتوں نے زراعت پر توجہ نہ دی اور کسان زبوں حالی کا شکار رہا۔ان کے برعکس وزیر اعظم پاکستان عمران خان نے زراعت کو اولین ترجیح دی ہے۔اب کاشتکاروں کی سہولت اور اُن کے تحفظات کے ازالہ کے لئے حکومت پنجاب نے تاریخ میں پہلی مرتبہ " کسان کارڈ" کے اجراء کا انقلابی پروگرام شروع کیا ہے جس کے ذریعے تمام سبسڈیز کو کیش ٹرانسفر کی صورت میں براہ راست کاشتکاروں کے اکاونٹ میں منتقل کی جارہی ہے۔صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے مزید کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ منڈی بہاؤالدین میں قریباً ساڑھے تیرہ ہزار کاشتکاروں نے کسان کارڈ کیلئے اپلائی کیا ہے جس میں سے قریباً 4 ہزار سے زائد کاشتکاروں کو کسان کارڈ کا اجراء کیا جارہا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ ضلع منڈی بہاؤالدین میں 5 لاکھ ایکڑ قابلِ کاشت رقبہ ہے اور یہاں کی قابل کاشت فصلات میں گندم کے بعد دھان شامل ہیں لہذا کاشتکار فصلات پر سپرے کرتے وقت محکمہ زراعت کی ہدایات پر عمل کریں۔اس سلسلہ میں صوبہ بھر میں 3 لاکھ 12 ہزار کاشتکاروں کے اکاؤنٹ بن چکے ہیں۔حکومت کے اس تاریخی اقدام سے دیہی علاقوں میں ڈیجیٹیل خواندگی بڑھانے کے ساتھ کیش ٹرانسفر کی صورت میں براہ راست مالی معاونت سے کاشتکاروں کو سبسڈی کی رقم اب ان کے اکاؤنٹ میں دستیاب ہوگی جسے کاشتکار اپنی سہولت کے مطابق استعمال کرکے اپنی پیداوار اور منافع میں اضافہ کر سکیں گے۔کاشتکار ’’کسان کارڈ‘‘ کے ذریعے ATM سے براہ راست سبسڈی کی رقم حاصل کر کے بروقت بیج، کھاد اور زرعی زہریں خرید سکیں گے۔کسان کارڈ کے اجراء کے تاریخی اقدام سے پنجاب بھر کے 10 لاکھ سے زیادہ رجسٹرڈ کاشتکاروں کو سالانہ اربوں روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی۔کاشتکاروں کی خوشحالی اور زرعی ترقی کیلئے متعدد عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔موجود حکومت کی کسان دوست پالیسیوں کی بدولت مختلف فصلوں کی ریکارڈ پیداوار حاصل کی جارہی ہے۔اسی لئے زراعت کے شعبہ کیلئے ترقیاتی بجٹ میں 300 فیصد سے زائد اضافہ کیا گیا ہے اور مالی سال 22-2021 کے بجٹ میں زرعی ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کیلئے 31.47 ارب روپے سے زائد رقم مختص کی ہے جس سے زرعی پیداوار میں اضافہ کے لئے جاری منصوبوں کو مکمل کیا جائے گا تا کہ کاشتکاروں کی پیداواری لاگت میں کمی واقع ہو سکے۔صوبائی وزیرزراعت نے اس موقع پر کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ جلد از جلد کسان کارڈ کی رجسٹریشن مکمل کروائیں تا کہ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ سبسڈی براہ راست اُن کے اکاؤنٹ میں منتقلی سے کاشتکار بروقت زرعی مداخل خرید سکیں تا کہ اہم فصلوں کے پیداواری اہداف کو یقینی بنایا جاسکے۔تقریب میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم،محکمہ زراعت کے افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔قبل ازیں وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے وفاقی وزیر نیشنل فوڈ اینڈ سیکیورٹی فخر امام اور پی ٹی آئی راہنما ندیم افضل چن کے ہمراہ منڈی بہاؤالدین میں منعقدہ چیمبر آف کامرس اور نمبردار ایسوسی ایشن کے کنونشن میں بھی شرکت کی جس میں صوبائی وزیرزراعت پنجاب نے نمبرداروں کو کاشتکاروں کو کسان کارڈ کی رجسٹریشن اور فصلوں کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی بارے آگاہی فراہم کرنے سے متعلق محکمہ زراعت کی معاونت کرنے کی ہدایت بھی کی۔

☆☆☆☆